**PAPER CODE: BU2021101**

# KALOJI NARAYANA RAO UNIVERSITY OF HEALTH SCIENCES
**TELANGANA STATE, WARANGAL – 506 002**

**BUMS FIRST PROFESSIONAL DEGREE SUPPLEMENTARY EXAMINATIONS: SEPTEMBER 2025**

## URDU ARABIC AND MANTIQ WA FALSAFA
**(URDU, ARABIC, LOGIC AND PHILOSOPHY)**
**(Paper I – Urdu and Arabic)**

**Time: 3 Hours.** **Max Marks: 100**

**Note:** Answer all questions.
Give Diagrammatic representation wherever necessary.

---

**Write ALL of the following Multiple-Choice Questions: 20 X 1 = 20**

1 مندرجہ ذیل میں ایسے مجموعہ کی نشاندہی کیجئے جس کا ایک لفظ دوسرے کی ضد ہو؟
A- سورج وآفتاب B- مرض وامراض
C- صحت ومرض D- طبیب واطباء

2 مندرجہ ذیل میں سے کونسا لفظ اردو میں بطور واحد بھی استعمال ہوتا ہے؟
A-دلائل B-تدابیر
C-اصول D- امراض

3 "تم، ہم اور وہ" کونسی ضمیریں ہیں؟
A-ضمیر شخصی B- ضمیر موصولہ
C- ضمیر استفہامی D- ضمیر اشارہ

4 "لکھنوی کرتا" میں لفظ "لکھنوی" صفت کی کونسی قسم ہے؟
A- صفت ذاتی B- صفت ضمیری
C-صفت مقداری D- صفت نسبتی

5 "وہ جا چکا تھا" فعل کی کونسی قسم ہے؟
A- ماضی بعید B- ماضی ناتمام
C-ماضی تمنائی D- ماضی مطلق

6 وہ لفظ جس سے کسی کام کا ہونا یا کرنا ظاہر ہو، اسے کیا کہیں گے؟
A-اسم B-فعل
C-حرف D- ضمیر

7 درج ذیل میں سے کونسے مجموعہ پر جملہ کی تعریف صادق آتی ہے؟
A- ایک بہترین معالج B- وہ ایک طبیب ہے
C-ایک حاذق حکیم اور ان کا مشہورمطب D- اطباء اور ان کے کارنامے

8 مبتدا کسے کہتے ہیں؟
A- وہ بات جو کسی کے بارے میں کہی جائے B- مکمل جملہ کو کہتے ہیں
C- وہ لفظ جس کے بارے میں خبر دی جائے D- مذکورہ بالا میں سے کوئی نہیں

9 "دل ناداں تجھے ہوا کیا ہے" کس شاعر کی نظم کا مصرعہ ہے؟
A – علامہ اقبال B – میر تقی میر
C- مجاز لکھنوی D- مرزا غالب

10 مشہور نظم "آوارہ" کس شاعر کی لکھی ہوئی ہے؟
A – علامہ اقبال B – میر تقی میر

Cمجاز لکھنوی
D- مرزا غالب

11 مندرجہ ذیل میں کونسا کلمہ فعل نہیں ہے؟
A- يَخرُج
B- خَرَجَ
C- الخُرُوجُ
D- أُخْرُجْ

12 "صفراءُ" میں علامت تانیث کیا ہے؟
A- الف ممدودہ
B- الف مقصورہ
Cتاءمربوطہ
D- مؤنث سماعی

13 مندرجہ ذیل میں مرکب توصیفی کونسا ہے؟
A- مرضٌ مُزمِنٌ
B- عظمُ الفخذِ
Cوريدُالكبدِ
D- في بطنِي وجعٌ

14 "الطبيبةُ حاذقةٌ" کیا ہے؟
A- مرکب اضافی
B- مرکب توصیفی
Cجملۂاسمیہ
D- جملۂ فعلیہ

15 "نَصَرَ"سےماضی مجہول کیا بنے گا؟
A- يَنْصُرُ
B- يُنْصَرُ
C- نُصِرَ
D- لازم ہے، مجہول نہیں بنتا

16 "لاتَشْرَبُوْا"کونسافعل ہے؟
A- فعل ماضی
B- فعل مضارع مرفوع
C- فعل امر
D- فعل نہی

17 "مَجْلِسٌ" کونسا اسم مشتق ہے :
A- اسم فاعل
B- اسم مفعول
Cاسم ظرف
D- اسم آلہ

18 "ھؤلاء" کیا ہے؟
A- اسم اشارہ
B- اسم ضمیر
Cاسم استفہام
D- اسم موصول

19 "یہ ایک ماہر ڈاکٹر ہے" کی عربی ہوگی:
A – هذا الطبيبُ حاذقٌ
B – هذا طبيبٌ حاذقٌ
C – هذا الطبيبُ الحاذقُ
D- هذا الحاذقُ طبيبٌ

20 "مِقياسُ الحرارةِ آلةٌ طبيةٌ" کا ترجمہ کیا ہوگا؟
A- تھرما میٹر ایک طبی آلہ ہے
B- نشتر ایک طبی آلہ ہے
C- اسٹریچر ایک طبی آلہ ہے
D- چھلنی ایک طبی آلہ ہے

**Write a short essay on the following: 8 X 5 = 40**

21 1- مندرجہ ذیل الفاظ میں مذکر اور مؤنث الفاظ چھانٹ کر الگ الگ لکھئے:
استاد، خادمہ، شیرنی، گھوڑا،مسجد، گھر،چاند، سورج،چٹنی، دوا ۔

22 - مندرجہ ذیل الفاظ میں صفت ذاتی چھانٹ کر الگ سےلکھئے:
لکھنوی کرتا،کامیاب تاجر، عربی لباس،حاذق حکیم، ترکی ٹوپی،محنتی لڑکا، علمی انداز، ادبی اسلوب،ذہین طالبِ علم ۔

23 اردو قواعد کی روشنی میں فعل ماضی مطلق اور ماضی تمام کی تعریف مع مثالوں کے تحریر کیجئے۔

24 عربی قواعد کی رو شنی میں علامات تانیث مع مثالوں کے قلمبند کیجئے۔

25 جملۂ فعلیہ کی تعریف بیان کرتے ہوئے فاعل اور مفعول کا اعراب ذکرکیجئے اور اپنے جواب کو مثالوں کے ذریعہ واضح کیجئے۔

26 " ضَرَبَ" سے فعل ماضی مجہول کی گردان مع صیغوں اور معانی کے قلمبند کیجئے۔-

27 مندرجہ ذیل افعال سے اسم فاعل اور اسم مفعول بنائیے:
نَظَرَ، عالَجَ، عَلِمَ، دَرَّسَ، شَرِبَ، اِشتَرٰی، کَتَبَ، اِستَفرَغَ، عَجَنَ، أَخرَجَ

28 - اعراب بالحروف کسے کہتے ہیں اور یہ کن کن اسماء کو دیا جاتا ہے؟ اپنے جواب کو مثالوں کے ذریعہ واضح کیجئے۔

**Write an essay on the following: 4 X 10 = 40**

29 مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب کی شخصیت پر ایک تعارفی نوٹ سپردِ قلم کیجئے۔

30 - مندرجہ ذیل طبی اصطلاحات کے معانی لکھئے پھر ان میں سے ہر ایک کو ایک ایک عربی جملہ میں استعمال کیجئے:
a- کُلْیَةٌ b - صُداعٌ c- مُمَرِّضُوْنَ d- مُقلة e- إمْساكٌ
f- جَرْحیٰ g- صَیْدَلِیَةٌ h- حُبْلیٰ i- ضَغْطُ الدَّمِ j- کُزازٌ

31 مرکب تام یا جملۂ مفیدہ کی تعریف بیان کیجئے اور ہر اس کی دونوں قسموں پر تفصیل سے روشنی ڈالتے ہوئے ہر ایک قسم کی پانچ پانچ مثالیں قلمبند کیجئے۔

32 فعل امر بنانے کا طریقہ بیان کرتے ہوئے نَصَرَ سےفعل امر کی گردان صیغوں اور معانی کے ساتھ تحریر کیجئے۔

*****